ASSOCIAZIONE CULTURALE
# COMUNITÀ PAKISTANA DI VICENZA

*Sede Operativa:*
Via R. Fabiani 47, Vicenza (36100)

## اے سی پی(ACP) سوسیٹی وچنزہ اٹلی کے تحت پاک بینیفٹ کارڈ(Benefit-Card) کے قواعد وظوابط۔

1. بینیفٹ کمیٹی کا مستقل ممبر بننے کے لیے 5 یورو ماہانہ سنگل آدمی کے لیے اور 10 یورو ماہانہ فیملی کی صورت میں ادا کرنے ہونگے۔

1A. رجسٹریشن فیس 20 یورو جو کے ہر ممبر رکنیت حاصل کرنے کے لئے ادا کریگا۔

1B. نیز یہ فنڈ ہر ممبر خود پہنچانے کا ذمہ دار ہوگا۔

2. فنڈ سالانہ وصول کیا جائے گا اور ہر ممبر 1 جنوری سے 31 مارچ تک فنڈ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

3. فیملی میں میاں بیوی اور 18 سال سے کم عمر کے بچے شامل ہوں گے۔

4. بینیفٹ کمیٹی کے کسی ممبر کی وفات کی صورت میں پاکستان میت بجوانے کے تمام انتظامات اور اخراجات جو کے زیادہ سے زیادہ 6000 یورو تک سوسائٹی ادا کریگی۔

5. کسی فیملی کے سربراہ کی وفات کی صورت میں پاکستان میت بجوانے کے تمام انتظامات اور اخراجات کریگی، مزید ایک فرد کی ٹکٹ فرہم کی جائیگی۔

6. فیملی کے سربراہ کی وفات کے بعد اس کی فیملی اگر فنڈ ادا کریگی تو وہ ممبر رہے گی۔

7. کسی فیملی کے سربراہ کی وفات کی صورت میں کمیٹی فیملی کو 2000 یورو مدد کریگی۔

8. بینیفٹ کمیٹی کا ممبر بننے کے لیے مذکورہ فارم اور Permesso Di Sogg, Carta Di Identità, Passaporto فرہام کرنا ضروری ہے۔

9. اگر بینیفٹ کمیٹی کا کوئی بھی ممبر بغیر اطلاع کے 31 مارچ کے بعد تین ماہ اپنا فنڈ ادا نہیں کرتا تو اس کی ممبر شپ منسوخ ہو جائے گی اور دوبارہ ممبر شپ بحال کرنے کے لیے اسے اپنے بقایا جات کے ساتھ 50 یورو جرمانہ کی صورت میں ادا کرنا ہوں گے۔

10. کسی بھی ایسی صورتحال کے بارے میں جس کا ذکر قواعد وظوابط میں نہ کیا گیا ہو اس کا حتمی فیصلہ اے سی پی سوسائٹی کی مجلس شورہ کرے گی اور وہ فیصلہ کمیٹی کے ہر ممبر کے لئے قابل قبول ہوگا۔

11. بینیفٹ کمیٹی کے ہر ممبر کو ایک عدد ممبر شپ کارڈ جاری کیا جائے گا۔

12. 18 سال سے زائد عمر کی ایسی بچیاں جو نہ شادی شدہ ہوں اور نہ ہی ملازمت کرتی ہوں تو وہ فیملی میں شمار کی جائیں گی۔

13. اے سی پی(ACP) سوسائٹی بینیفٹ کمیٹی کی مد میں جمع شدہ رقم کو شورہ کی مشاورت کے بعد کسی بھی خیر کے کاموں میں استمال کرسکتی ہے۔

14. بینیفٹ کمیٹی کا کوئی بھی ممبر کسی صورت میں جمع شدہ رقم کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔

15. اگر کسی ممبر کی وفات پاکستان میں ہو تو 2000 یورو معاونت کی جائیگی، اگر کسی ممبر کی وفات اٹلی کے علاوہ کہیں یورپ میں ہوتی ہے تو اخراجات اٹلی کے مطابق ادا کئے جائیں گے۔

16. کسی بھی ناگہانی صورت (زیادہ اموات کی صورت میں) اگر فنڈ ختم ہو جائے تو ممبران سے اضافی فنڈ لیا جاسکتا ہے۔

17. قواعد وظوابط میں کمیٹی کی مشاورت سے تبدیلی کی جاسکتی ہے، لیکن جو بھی تبدیلی ہوگی اس سے تمام ممبران کو آگاہ کیا جائیگا۔

18. کوئی بھی ممبر (31 مارچ) کے بعد ممبر شپ فیس ادا نہیں کرتا تو اس کے ساتھ کوئی حادثہ اجائے یا وفات ہو جائے تو کمیٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔

19. اگر کوئی ممبر فیس ادا نہیں کرتا وہ تمام بینیفٹ سے محروم ہو جائے گا، اس لئے تمام ممبران کو 31 مارچ تک ہر صورت ممبر شپ ادا کرنا ہوگی۔

20. جو ممبر بطور سنگل فرد رجسٹرڈ ہے، اس کی فیملی کے اٹلی آنے کی صورت میں فیمی کو ایک مہینے کے اندر اندراج کروانا لازمی ہوگا، بمع رجسٹریشن فیس۔

جزاکاللہ خیر!

Contatti:
328 045 2178
329 614 2116

Email:
acpvicenza@gmail.com

Website:
www.acpvicenza.it

Seguici su: